**فوری ریلیز کے لیے:** 20/9/2022 | ***گورنر KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ MTA، نیو یارک شہر کی ہر سب وے کار میں حفاظتی کیمرے نصب کرے گا***

***نئی فنڈنگ ٹرین کارز اور اسٹیشنز میں موجودہ کیمروں میں اضافہ کرے گی***

***اضافی کیمروں کی تنصیب کے نتیجے میں سب وے کے پورے بیڑے کی ہر کار میں دو کیمرے نصب شدہ ہوں گے***

***گورنر HOCHUL کا یہ تازہ ترین اقدام جرائم کی روک تھام کرے گا اور سب وے کی حفاظت کو بڑھائے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی نیو یارک سٹی ٹرانزٹ کو شہری علاقے کی حفاظت کے اقدام کے وفاقی گرانٹ پروگرام کے ذریعہ 2$ ملین کا ایوارڈ ملا ہے، جو سب وے کارز کے پورے بیڑے میں کیمروں کی تنصیب کے لیے فنڈنگ فراہم کر کے سیکیورٹی کوریج میں اضافہ کرے گا اور، سب سے اہم بات یہ ہے کہ عوامی ذرائع آمد و رفت کے باحفاظت ہونے کے متعلق مسافروں کے اعتماد میں اضافہ کرے گا۔ اربن علاقے کی حفاظت کا اقدام، امریکہ کے ڈپارٹمنٹ برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی کی پریپیئرڈنیس گرانٹس کے تحت ایک پروگرام ہے۔ اس فنڈنگ سے نیو یارک سٹی ٹرانزٹ کی 2,700 سب وے کارز میں تنصیب کے لیے 5,400 کیمروں کی خریداری ممکن ہو پائے گی، یعنی ہر کار میں دو کیمرے۔ مزید برآں، یہ منصوبہ تقریباً 3,800 کیمروں کے لیے فنڈنگ فراہم کرے گا، جس سے کوریج تقریباً 130 سب وے اسٹیشنز تک بڑھ جائے گی۔

"نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنا بطور گورنر میری اولین ترجیح ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مجھے فخر ہے کہ ہم سب وے کی تمام کارز میں کیمرے نصب کریں گے - اپنی حفاظتی صلاحیتوں کو وسعت دیں گے، جرائم کو روکیں گے اور اپنے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مدد فراہم کریں گے۔ جبکہ ہم ٹرانزٹ نظام میں سواروں کا دوبارہ خیرمقدم کر رہے ہیں، ہم سواریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے اپنی صلاحیت کے مطابق ہر ممکن کوشش کرتے رہیں گے۔"

یہ فنڈنگ NYC ٹرانزٹ کے تمام 472 سب وے اسٹیشنز پر 10,000 سے زیادہ کیمروں کے موجودہ حفاظتی نیٹ ورک کو مزید مضبوط کرے گی۔ نئی فنڈنگ 6,355 کارز پر کیمروں کی تنصیب کی لاگت کا احاطہ کرتی ہے، جس سے MTA ہر سب وے کار کو کیمروں کے ساتھ مکمل طور پر تیار کر سکتا ہے -- یہ موجودہ کیمرہ پائلٹ منصوبے کی تکمیل کرتی ہے جس میں 100 سب وے کارز میں 200 کیمرے شامل ہیں۔ مزید برآں، سب وے ایکشن پلان کی جانب سے کل 3.5$ ملین کی فنڈنگ 3,655 کارز پر 7,310 کیمروں کی خریداری کے قابل بنائے گی، یعنی دو کیمرے فی کار۔ تنصیبات کو مکمل کرنے کے لیے کل فنڈنگ 5.5$ ملین کے برابر ہے۔ جب تنصیب شروع ہو جائے گی تو ہر ماہ اضافی 200 ٹرین کارز میں کیمرے نصب ہوں گے جب تک کہ تمام سب وے کارز کا فلیٹ کیمرے سے لیس نہیں ہو جاتا، جو 2025 میں کسی وقت ہونے کی توقع ہے۔ اس کے علاوہ، جب 2023 کے اوائل میں نئی R211 سب وے کارز کی ترسیل کی جائے گی تو وہ پہلے ہی کیمرے سے لیس ہوں گی۔

یہ ایک تازہ ترین اقدام ہے جو گورنر Hochul نے جرائم کو روکنے اور نیو یارک سٹی سب ویز کی حفاظت کو بڑھانے کے لیے کیا ہے۔ جون میں، گورنر Hochul نے تقریباً 11,000 مزید ٹرانزٹ ملازمین کو حملے اور ہراساں کیے جانے سے بچانے کے قانونی مسودے پر دستخط کیے۔ یہ قانونی مسودہ، مجرمانہ الزامات کے دائرہ کار کو توسیع

دے کر ان افراد کو اس میں شامل کرتا ہے جو اسٹیشن کے ان کسٹمر اسسٹنٹس، ٹکٹ یا ریونیو جمع کرنے والوں، دیکھ بھال کرنے والے ملازمین، مرمت کرنے والوں، صفائی کرنے والوں، اور ان کے نگرانوں پر حملہ کرتے ہیں، جنہیں پچھلے قوانین کے تحت تحفظ حاصل نہیں تھا۔

**MTA کے چئیر اور CEO Janno Lieber نے کہا،** "جیسا کہ میں پہلے بھی کئی بار کہہ چکا ہوں، ٹرانزٹ نظام میں جرائم کرنے والوں کی نشاندہی کی جائے گی اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ سواروں کو معلوم ہونا چاہیے کہ وہ پورے سفر کے دوران ہماری حفاظت میں ہیں اور یہ اہم اپ گریڈ - جو گورنر Hochul کے فراہم کردہ نئے ڈالرز سے ممکن ہوئی ہے - عوامی آمد و رفت کے نظام کے باحفاظت ہونے کے متعلق نیو یارک کے شہریوں کے اعتماد کو تقویت دینے کی جانب ایک بہترین قدم ہے۔"

**نیو یارک شہر کے میئر Eric Adams نے کہا،** "عوام کا تحفظ میری اولین ترجیح ہے اور یہ نیا حفاظتی اقدام اس بات کو یقینی بنانے میں مزید کام آئے گا کہ نیو یارک کے تمام شہری محفوظ طریقے اپنی منزل مقصود تک پہنچ سکیں۔ پبلک ٹرانسپورٹ نیو یارک شہر کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور جب مسافر محفوظ محسوس کرتے ہیں تو پورا نظام سیدھا کھڑا رہتا ہے۔ میں ان ناگزیر اور مثبت تبدیلیوں کا جو یہ نیا منصوبہ لائے گا اور ساتھ ہی ساتھ اپنے سب ویز کو تمام سواروں کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے گورنر Hochul کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں۔"

**NYPD کے کمشنر Keechant L. Sewell نے کہا،** "NYPD ملک کے سب سے بڑے سب وے کے نظام میں ہر روز ہم پر انحصار کرنے والے لاکھوں سواروں کے تحفظ اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے اپنے جاری کام میں کبھی ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گا۔ یہ جرائم، دہشت گردی اور نقص امن کی روک تھام کے لیے ہمارے عزم میں ہمارا سب سے بنیادی وعدہ ہے۔ NYPD پہلے ہی جرائم کو حل کرنے کے لیے، بڑی کامیابی کے ساتھ، موجودہ MTA کیمرے استعمال کر رہا ہے۔ اب، ٹرانزٹ نظام میں سواریوں میں اضافے اور مجموعی طور پر سنگین جرائم کے وباء سے پہلے کی سطح سے نیچے واپس آنے کے ساتھ - جو کہ NYPD کی اسٹیشنز اور ٹرینز میں بڑھتی ہوئی، مرکوز تعیناتی کا نتیجہ ہے - سب وے کارز کے پورے بیڑے کو کور کرنے والے اضافی MTA کیمروں کی تنصیب ہماری تفتیشی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گی اور زمین کے نیچے اور اوپر مؤثر، مستعد عوامی تحفظ فراہم کرنے کی ہماری صلاحیت میں اضافہ کرے گی۔"

**نیو یارک سٹی ٹرانزٹ کے صدر Richard Davey نے کہا،** "یہ بار بار ثابت ہوا ہے کہ ٹرانزٹ نظام میں کیمرے نہ صرف سب وے پر بلکہ پورے شہر میں جرائم سے لڑنے میں مدد کرتے ہیں۔ کیمرا نیٹ ورک کو بڑھانا، کسی جرم کا ارتکاب کرنے کا ارادہ رکھنے والے لوگوں کو ٹرانزٹ سسٹم میں داخل ہونے سے روکنے میں مدد فراہم کرے گا۔"

**MTA کے چیف سیفٹی اینڈ سیکیورٹی آفیسر Patrick Warren نے کہا،** "کیمرے تحقیقات کو حل کرنے اور جرائم کو روکنے کا ایک انتہائی مؤثر ذریعہ ہیں۔ عوام اور ملازمین کا تحفظ اور حفاظت MTA کی ترجیحات ہیں اور ہم ان ترجیحات میں معاون اقدامات پر عمل درآمد اور ان میں بہتری لانے کے لیے مستقل کام کرتے ہیں۔ یہ گرانٹ ہماری تحفظ اور حفاظت کی کوششوں کی معاونت میں ایک اہم قدم ہے۔"

تمام میٹرو-نارتھ ٹرینز کیمروں سے لیس ہیں، اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کی 90 فیصد سے زیادہ ٹرینز حفاظتی کیمروں سے لیس ہیں۔ پچھلے سال، ہر سب وے اسٹیشن پر کیمرے کی تنصیب کو تیز کیا گیا اور شیڈول سے پہلے مکمل کر لیا گیا۔ صرف 2021 میں دو ہزار کیمرے نصب کیے گئے۔

MTA محفوظ اور قابل بھروسہ عوامی ٹرانزٹ فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور شہری علاقے کی حفاظت کے اقدام کا ایوارڈ، جرم کو بہتر انداز میں روک کر اور مسافروں کی حفاظت میں اضافہ کرتے ہوئے ایک مکمل طور پر مانیٹر شدہ ٹرانزٹ نظام بنانے کے اتھارٹی کے مشن میں تازہ ترین قدم کی نشاندہی کرتا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418